رضوان اور شان کی جوڑی نے ملتان سلطانز کو پھر وننگ ٹریک پر چڑھادیا

لاہور،16 فروری2022ء:

شان مسعود اور محمد رضوان کی ان فارم اوپننگ جوڑی نے کراچی کنگز کے خلاف 100 رنز کی شاندار شراکت قائم کر کے ملتان سلطانز کو سات وکٹوں سے کامیابی دلا کر اپنی ٹیم کو ایک بار پھر ایچ بی ایل پی ایس ایل 7 کے وننگ ٹریک پر چڑھادیا ہے۔

کپتان محمد رضوان نے ٹورنامنٹ میں اپنی چوتھی نصف سنچری اسکور کی۔ دفاعی چیمپئن کی یہ ایونٹ میں ساتویں کامیابی ہے۔ آٹھ گروپ میچز کھیلنے والی کراچی کنگز کی ٹیم اب تک ٹورنامنٹ میں کوئی بھی میچ نہیں جیت سکی۔

فاتح ٹیم نے 175 رنز کا ہدف انیسویں اوور کی تیسری گیند پر محض تین وکٹوں کے نقصان پر حاصل کرلیا۔ مطلوبہ ہدف کے تعاقب میں محمد رضوان نے آٹھ چوکوں کی بدولت 76 رنز کی اننگز کھیلی۔ شان مسعود نے چھ چوکوں کی مدد سے 45 رنز اسکور کیے۔

ملتان سلطانز کو آخری دو اوورز میں جیت کے لیے 29 رنز درکار تھے کہ خوشدل شاہ نے کرس جارڈن کو تین گیندوں پر دو چھکے اور ایک چوکا لگا کر میچ میں دفاعی چیمپئن کی پوزیشن مزید مستحکم کردی۔ خوشدل شاہ نے 9 گیندوں پر ناٹ آؤٹ 21 رنز بنائے۔ رائلی روسو 5 گیندوں پر 14 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔

میر حمزہ نے دو اور کرس جارڈن نے ایک کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔

اس سے قبل کراچی کنگز نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ بیس اوورز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر 174 رنز بنائے تھے۔ جو کلارک اور شرجیل خان بالترتیب 40 اور 36 رنز بنا کر نمایاں رہے۔ دونوں کھلاڑیوں نے دوسری وکٹ کے لیے 72 رنز کی شراکت قائم کی۔ اختتامی اوورز میں عماد وسیم نے 16 گیندوں پر 5 چوکوں اور ایک چھکے کی بدولت 32 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلی۔

محمد نبی اور روحیل نذیر نے 21، 21 رنز اسکور کیے۔ شاہنواز دھانی نے دو جبکہ خوشدل شاہ، بلیسنگ مزاربانی، عمران طاہر اور رومان رئیس نے ایک ایک وکٹ حاصل کی۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Assistant Manager
Media and Communications

www.psl-t20.com
@thePSLt20
@thePSL
PakistanSuperLeague
@thepsl

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4